नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions – **23**

No. of Printed Pages – **8**

# SS-22-Urdu Sah.

## URDU SAHITYA

## SENIOR SECONDARY EXAMINATION, 2022

**Time : 2 Hours 45 Minutes**

**Maximum Marks : 80**

**طلبہ کے لیے ہدایات:**

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

(vii) جن سوالات کے ایک سے زائد حصّے ہیں، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(viii) ہر سوال کے جواب کے لیے کل مقررہ نمبر مندرجہ ذیل ترتیب کے مطابق ہیں:

| حصّے | مختلف سوالات کی تعداد | مقررہ نمبر فی سوال | کل مقررہ نمبر |
|---|---|---|---|
| الف (A) | 1(i-xii)=12 | 1 | 12 |
| | 2(i-vi)=06 | 1 | 06 |
| | 3(i-xii)=12 | 1 | 12 |
| ب (B) | 4-16=13 | 2 | 26 |
| ج (C) | 17-20=04 | 3 | 12 |
| د (D) | 21-23=03 | 4 | 12 |

OFFICE COPY

## (SECTION-A) حصّہ–الف

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے:

(i) مراسلے کو مکالمہ کس نے بنادیا؟ 1

(A) مرزا غالبؔ نے (B) ابوالکلام آزاد نے

(C) مہدی افادی نے (D) رشید احمد صدیقی نے

(ii) اُماکانت کس مختصر افسانے کا کردار ہے؟ 1

(A) میں، وہ (B) سکون کی نیند (C) لمحے (D) بجوکا

(iii) سگھ مدرسہ میں پڑھنے والی لڑکی کا نام کیا تھا؟ 1

(A) پیاری (B) لالی (C) گوری (D) دلاری

(iv) سفر نامہ ''زرد پتوں کی بہار'' میں کس ملک کے سفر کا ذکر ہے؟ 1

(A) عراق (B) ایران (C) افغانستان (D) پاکستان

OFFICE COPY

(v) حالیؔ کا پورا نام تھا: 1

(A) مشتاق احمد حالیؔ (B) الطاف حسین حالیؔ

(C) جمیل احمد حالیؔ (D) برکت حسین حالیؔ

(vi) شاعری میں آرزوؔ لکھنوی کے استاد کون تھے؟ 1

(A) میر مظفر حسین ضمیرؔ (B) میر ببر علی انیسؔ

(C) میر غلام حسن (D) میر ضامن علی جلالؔ

(vii) نظم ''گورِ غریباں'' کس زبان سے اُردو میں ترجمہ کی گئی ہے؟ 1

(A) انگریزی سے (B) یونانی سے

(C) فارسی سے (D) عربی سے

(viii) شفیق فاطمہ شعریٰ بنیادی طور پر شاعرہ ہیں: 1

(A) غزل کی (B) نظم کی (C) رباعی کی (D) گیت کی

(ix) آپ کے نصاب میں شامل پریم چند کے ناول میں بیوہ عورت کا نام کیا ہے؟ 1

(A) پریما (B) سمترا (C) پورنا (D) دیوکی

(x) مصنف نے مرزا صاحب کو بائیسکل کے کتنے روپے دیے؟ 1

(A) 30 (B) 40 (C) 50 (D) 60

(xi) مختصر افسانے کا آغاز کس صدی میں ہوا؟ 1

(A) اٹھارویں (B) اُنیسویں (C) بیسویں (D) اکیسویں

(xii) غزل کس زبان کا لفظ ہے؟ 1

(A) عربی (B) فارسی (C) تُرکی (D) یونانی

2. مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں صحیح جواب بھر کر جملہ پورا کیجیے:

OFFICE COPY

(i) ملیریا پھیلا تو اُس کا الزام بھی ________ پر عائد ہوا۔ 1

(ii) تو شروع کرتا ہوں نام لے کر اُس ________ کا جس نے یہ دنیا بنائی۔ 1

(iii) اپنی فصل کی حفاظت کے لیے پھر کبھی ________ نہ بنانا۔ 1

(iv) اتنا برسا ٹوٹ کے ________، ڈوب چلا مے خانہ بھی۔ 1

(v) مشرق سے اُبھرتے ہوئے ________ کو ذرا دیکھ۔ 1

(vi) ن۔م۔ راشد کا پورا نام ________ تھا۔ 1

3. مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:

(i) آپ کے نصاب میں شامل غالب کا پہلا خط کس کے نام لکھا گیا ہے؟ 1

(ii) افسانہ ''میں، وہ'' میں کس ریلوے اِسٹیشن کے پلیٹ فارم کا ذکر ہے؟ 1

(iii) کلیم الدین احمد کا خاکہ کس نے لکھا؟ 1

(iv) جذبی کے مطابق دردمندوں کی راہ گزر کون سی ہے؟ 1

(v) ”آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے“ میں 'صدا' کے معنی کیا ہیں؟ 1

(vi) عتیق حنفی کے کلام کے پہلے مجموعے کا نام کیا ہے؟ 1

(vii) پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟ 1

(viii) ناول ”بیوہ“ میں پریما کی شادی کس سے ہوتی ہے؟ 1

(ix) ”کلرک کی موت“ کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے؟ 1

(x) پطرس بخاری نے اپنے انشائیہ میں 'مرحوم' کسے کہا ہے؟ 1

(xi) سبق ”مچھر“ کس نثری صنف سے متعلق ہے؟ 1

(xii) ”لڑی میں موتی پرونا“ کس شعری صنف کے معنی ہیں؟ 1

OFFICE COPY

## حصّہ-ب (SECTION-B)

نوٹ: مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 50 الفاظ میں لکھیے:

4. خورشید الاسلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ 2

5. بلونت سنگھ کے کنہیں دو افسانوی مجموعوں کے نام لکھیے۔ 2

6. رام لعل پاکستان کیوں جانا چاہتے تھے؟ 2

7. پیروڈی کے فن پر کلیم الدین احمد کے خیالات کیا ہیں؟ 2

8. شعری مجموعہ ”سریلی بانسری“ کو آرزو لکھنوی کی شاعری کا امتیاز کیوں کہا گیا ہے؟ 2

9. معین احسن جذبی کے کنہیں دو شعری مجموعوں کے نام لکھیے۔ 2

10. شاعر دل اور آسمان سے کیوں ڈرا ہوا ہے؟ 2

11. ''الٰہی شام اب اس گانو میں نہ آنے پائے''، میں نظم ''یاد نگر'' کا کردار شام سے کیوں خوف زدہ ہے؟ 2

12. پریم چند نے اپنے ناول کا عنوان ''بیوہ'' کیوں رکھا؟ 2

13. افسانہ نگار کے جنم دن کے واقعات میں سے کس واقعہ نے آپ کو بے حد متاثر کیا؟ 2

14. مصنف نے بائیسکل کو دریا میں کیوں پھینک دیا؟ 2

15. خاکہ نگاری کسے کہتے ہیں؟ 2

16. زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہو گی
شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہو گی
اس شعر میں ردیف اور قافیہ کیا ہیں؟ 2

## حصّہ-ج (SECTION-C)

**نوٹ: مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 100 الفاظ میں لکھیے:**

17. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: 3

شاید اسے کسی کا انتظار ہے، مگر ہر روز ......؟ میں سوچتا ہوں اور کئی دن سے یہ منظر دیکھتا ہوں۔ ڈاکٹر نے صبح کی سیر کی پابندی لگادی ہے اور شام کو سڑک ناپنے کی پابندی اختر نے لگا دی ہے۔ جب سے اس ریلوے اسٹیشن کی حسن کاری ہوئی ہے، میں بھی دوسروں کی طرح صبح کو ادھر ہی آجاتا ہوں۔ اب صبح کے وقت بہت لوگ آجاتے ہیں۔ مردوں، عورتوں اور بچّوں کا ہجوم ہوتا ہے، بہت چہل پہل رہتی ہے۔ پتہ نہیں، یہ ضعیف آدمی یہاں کب سے آتا ہے۔ صبح کی سیر تو اس کا مقصد نہیں معلوم ہوتا کیونکہ یہ آکر اسی بنچ کے اسی ایک گوشے میں بیٹھ جاتا ہے۔

OFFICE COPY

یا

ان تصویروں میں جن کا تعلق میرے ذہنی پس منظر سے ہے ایک تصویر میرے ذہن میں بہت واضح ہے۔ میں ایک بیل گاڑی کے پاس کھڑا ہوں۔ ہم ایک گاؤں چھوڑ کر دوسرے گاؤں میں جا رہے ہیں۔ ہمارا سامان بیل گاڑی میں لادا جا رہا ہے اور میں یہ منظر بڑی بے بسی کے ساتھ دیکھ رہا ہوں۔ بے بسی اس لیے کہ میں یہ گاؤں نہیں چھوڑنا چاہتا تھا۔ اس گاؤں کا نام رَکڑی تھا۔ یہاں بہت سے جوہڑ تھے۔ جوہڑوں میں کنول اور نیلوفر کھلتے تھے۔ سب طرف بڑے بڑے آموں کے گھنے باغ تھے۔ باغوں میں کھلیان پڑتے تھے۔ کویلیں کوکتی تھیں۔ پپیہے بولتے تھے۔

18. افسانہ ''سکون کی نیند'' کا خلاصہ لکھیے۔ 3

یا

سبق ''مچھّر'' کا خلاصہ لکھیے۔

19. مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق و سباق تشریح کیجیے: 3

''خدا بخشے اسے بس دوست کا رہتا تھا وہ جویا''

''تو نکلا دوست اک آخر خداوندِ کریم اس کا''

''اب اس کے نیک و بد کا ذکر کرنا ہی نہیں اچھا''

''کہ روشن ہے خدا پر عالمِ امید و بیم اُس کا''

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:

(i) اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو

کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم

(ii) منزلِ عشق پہ یاد آئیں گے کچھ راہ کے غم

مجھ سے لپٹی ہوئی کچھ گردِ سفر بھی ہوگی

OFFICE COPY

20. نظم ''ملکِ بے سحر و شام'' کا خلاصہ لکھیے۔ 3

**یا**

نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو؟'' کا خلاصہ لکھیے۔

## حصّہ-د (SECTION-D)

نوٹ: مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً **250** الفاظ میں لکھیے:

21. مرزا غالب کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔ 4

**یا**

سریندر پرکاش کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔

22. جاں نثار اختر کی سوانح حیات اور خصوصیات کلام پر روشنی ڈالیے۔ 4

OFFICE COPY

**یا**

اقبال کی سوانح حیات اور خصوصیات کلام پر روشنی ڈالیے۔

23. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: 4

(i) بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ

(ii) میری پسندیدہ شخصیت

(iii) جدید تعلیم میں انٹرنیٹ کی اہمیت

---

DO NOT WRITE ANYTHING HERE